ہیمپشائر اور آئل آف وائٹ

COVID-19 لعاب کی ٹیسٹنگ کا پروگرام

والدین اور سرپرستوں کے لیے فیکٹ شیٹ

پروگرام کے متعلق

لعاب کی ٹیسٹنگ کیا ہے؟

لعاب کے نمونوں کے ذریعے آسان اور معمولی طریقے سے ٹیسٹ کیا جاسکتا ہے کہ کیا آپ کا بچہ COVID-19 کا شکار ہے۔ اس ٹیسٹ میں آپ کا بچہ ٹیوب میں تھوڑا سا لعاب ڈال کر اسے اسکول یا کالج لاتا ہے، جہاں اسے جمع کیا جاتا ہے اور اس کا لیب میں تجزیہ کیا جاتا ہے۔ نتائج 24 سے 48 گھنٹوں کے اندر بذریعہ ٹیکسٹ اور ای میل میسیج بھیجے جاتے ہیں۔

آپ کے بچے کی شرکت ضروری کیوں ہے؟

یہ جاننا کہ کون COVID-19 کا شکار ہے، اس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے بہت ضروری ہے۔ وسیع پیمانے پر ہفتہ وار ٹیسٹنگ کے ذریعے ان افراد کی نشاندہی ممکن ہے جو وائرس کا شکار ہیں لیکن جن میں علامات ظاہر نہیں ہوئیں۔

لعاب کا ٹیسٹ مختلف کیوں ہے؟

لعاب کا ٹیسٹ آسان، قابل رسائی اور معمولی نوعیت کا ہے۔ شرکت کنندگان ایک صاف چائے کے چمچ میں تھوکنے کے بعد 2 ملی لیٹر لعاب ٹیسٹنگ کے لیے ایک ٹیوب میں ڈالتے ہیں۔ اس میں گلے یا ناک کو سواب نہیں کیا جاتا۔ مطالعہ جات سے ثابت ہوا ہے کہ لعاب کے نمونے بہت درست ہیں اور ان سے معتبر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ وہ جینومک سیکوئنسنگ کے لیے بروقت پہلا ٹیسٹ بھی پیش کرتے ہیں جو خدشات کو جنم دینے والی ابھرتی ہوئی اقسام میں اہم تحقیق کے لیے اہم ہے۔

یہ پروگرام کس طرح کام کرتا ہے؟

مندرجہ ذیل تصویر میں دکھایا گیا ہے کہ پروگرام کس طرح کام کرتا ہے اور ہم آپ کو، آپ کے بچے، اور ان کے اسکول یا کالج کو کس طرح معاونت فراہم کر رہے ہیں۔

آپ کا اسکول یا کالج ٹیسٹنگ کے لیے سائن اپ کرتا ہے

طلباء کی ٹیسٹنگ کے متعلق سمجھ بوجھ میں اضافے کے لیے وقف اسباق بڑھائے جاتے ہیں

طلباء کو گھر پر لعاب کے نمونے کی فراہمی کے لیے جمع کاری کا کٹ دیا جاتا ہے



نمونے کو اسکول یا کالج لایا جائے گا اور جمع کرنے کے ڈبے میں ڈالا جائے گا



نمونے کو لیبارٹری لے جایا جائے گا اور نتائج 24-48 گھنٹوں کے اندر بذریعہ ٹیکسٹ پیغام ارسال کیے جائیں گے



مثبت نتیجے کی صورت میں آپ کو 24 گھنٹوں کے اندر کال موصول ہوگی اور NHS ٹیسٹ اینڈ ٹریس کے ساتھ نتیجہ شیئر کیا جائے گا

NHS

ہیمپشائر اور آئل آف وائٹ

COVID-19 لعاب کی ٹیسٹنگ کا پروگرام

والدین اور سرپرستوں کے لیے فیکٹ شیٹ

اپ کے بچے کی معاونت لعاب کی ٹیسٹگ کے ساتھ

1 **ان کے ٹیسٹ کا دن جانئیے۔**
ڈائری، کیلنڈر یا فون میں یاد دہانی شامل کیجیے۔

2 **ان کے استعمال کے متعلق ہدایات کو دوبارہ پڑھیے۔**
ترجمے کے ساتھ ویڈیوز بھی موجود ہیں۔
آپ یہ ویڈیو یہاں دیکھ سکتے ہیں:

www.hiowsalivatest.nhs.uk/test-results/how-to-test



3 **انہیں صبح سویرے اپنا نمونہ فراہم کرنے کے متعلق یاد دلائیے۔**
ناشتے اور دانت برش کرنے سے پہلے۔

4 **اس بات کی یقین دہانی کیجئے کہ وہ اپنا منفرد بار کوڈ لیبل استعمال کر رہے ہیں۔**
نمونے کی ٹیوب کے گائیڈ کے لیبل کے اوپر لمبائی میں لگائیے تاکہ ہم جان سکیں کہ نمونہ کس کا ہے۔ بار کوڈ کے لیبلز شیئر نہیں کیجئے۔

5 **حسب ضرورت یاددہانی کرواتے رہیے۔**
اپنے بچے کی استعمال کی ہدایات کے کتابچے میں موجود ہر مرحلے پر احتیاط سے عمل کرنے کے سلسلے میں حوصلہ افزائی کیجیے۔



6 **انہیں اپنا نمونہ پیک کرنے کے متعلق یاد دلائیے۔**
پیکیج شدہ نمونہ ان کے اسکول یا کالج کے بستے میں ڈالیے۔

7 **ضرورت پڑنے پر انہیں دلاسہ دیجیے۔**
بعض بچوں کو شروع میں گھبراہٹ یا عدم یقینی کا احساس ہوسکتا ہے۔

8 **اپنے بچے کی اپنے لعاب کے جمع کاری کے کٹ اور بار کوڈ لیبلز کو محفوظ جگہ پر رکھنے کے حوالے سے حوصلہ افزائی کیجیے تاکہ وہ گم نہ ہو جائیں۔**
انہیں ہفتہ وار لعاب کے نمونے فراہم کرنے کے لیے ان کی ضرورت پیش آئے گی۔

نتیجہ حاصل نہ کرنے کی اہم وجوہات:

- ہدایتی لیبل میں دکھائے جانے والے طریقے کے مطابق بار کوڈ کے لیبل کو نمونے کی ٹیوب پر لمبائی میں نہیں لگایا گیا تھا۔
- نمونے کی ٹیوب میں لعاب کافی نہیں تھا (2 ملی لیٹر کے قریب درکار ہے)۔
- نمونے کو صحیح سے پیکیج نہیں کیا گیا تھا۔